NYC Public Schools

PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

ہمارے طلبا کی ضروریات کو ہمارے سرمائے کا ہدف بنانا

عزیزی نیویارک کے مکین،

میں اس پیشرفت سےانتہائی تقویت حاصل کرتا ہوں جو ہم اپنے طلبا کے لیے ہمارے خاندانوں اور برادریوں کے ساتھ ملکر کر سکتے ہیں۔ ایک بہت اچھی مثال ہمارے اسکولوں کے لیے ہماری بنیادی مقامی سرمایہ کاری کی روانی کو بہتر بنانے کی ہماری حالیہ تجویز ہے، جسے بطور ہمارے منصفانہ طالب علم سرمایہ (FSF) کلیہ جانا جاتا ہے۔

اوسطاً FSF سرمائے، ہمارے اسکولوں کے بجٹس کا تقریباً دوتہائی ہوتے ہیں، اور اسکی بنیاد ہر اسکول میں مندرج طلبا کی تعداد اور طلبا کی مخصوص ضرویات پر ہوتی ہے۔ اس میں دانستہ طور پر طلبا کی ضروریات کو مدنظر رکھا گیا ہے، طلبا کی ضروریات کا "وزن" کیا جاتا ہے تاکہ فیصلہ کیا جا سکے کہ ہر اسکول کو کتنا (سرمایہ) درکار ہے جس سے وہ اپنے طلبا کی موثر انداز میں خدمت انجام دے سکتے ہیں۔

گزشتہ سال، میں نے اسے بہتر بنانے کے طریقوں کے لیے اس کلیے پر تحقیق کرنے اور تجاویز دینے کے لیے ایک منصفانہ طالب علم سرمایہ عملی گروپ تشکیل دیا تھا۔ اس گروپ نے اپنی رپورٹ 2022 کے نومبر میں جاری کر دی، اور گزشتہ ہفتے مئیر

Adams اور میں نے مجوزہ بہتری کے اقدامات کا اعلان کیا، جس میں مساوات پر توجہ دیتے ہوئے سرمایہ کاری کا ہدف ہمارے طلبا کی ضرورت کو بنایا گیا ہے۔

یہ انتہائی اہم تبدیلیاں ہیں جو ہم تجویز کرنے جا رہے ہیں:

- **عارضی رہائش گاہوں میں رہنے والے طلبا کے لیے ایک اضافی وزن** ان اسکولوں کے لیے جو ان طلبا کو خدمات فراہم کر رہے ہیں، بشمول حالیہ پناہ گزیں طلبا کے۔ یہ ایک انتہائی بنیادی تبدیلی ہے کہ اسکول کس طرح وسائل کو پبلک اسکول کے طلبا کے لیے تفویض کرتے ہیں۔ اس تبدیلی کی وجہ سے توقع کی جا رہی ہے کہ تقریباً $45 ملین کی سرمایہ کاری کی جائیگی جو پانچوں بروز میں عارضی رہائش گاہ میں رہنے والے طلبا پر اثر انداز ہوگا۔
- **ان اسکولوں کے لیے ایک اضافی وزن ہے جہاں ضروریات کے حامل طلبا کا زیادہ اجتماع ہے**، بشمول غربت میں گھرے طلبا، معذوری کے حامل طلبا، اور انگریزی زبان کے متعلمین۔ اس سے تمام پانچوں بروز کے اسکولوں کو تقریباً $45 ملین کا سرمایہ ملنے کی توقع ہے۔
- **یہ یقینی بنانے کا عزم کہ بجٹ کی اپیلوں کا طریقہ کار خاص تعلیم پروگرامنگ کی ضروریات کے لیے تیزعمل ہے۔** ہم اس طریقہ کار میں بہتری لائیں گے جو اسکول اضافی سرمایہ کی درخواست کرنے کے لیے کرتے ہیں تاکہ عملے میں سرمایہ کاری کو ترجیح دی جائے جس سے معذوری کے حامل طلبا ایک عام تعلیمی ترتیب میں تعلیم حاصل کرنے کے قابل ہو سکیں۔
- **ہمارے بجٹ اور بجٹ کے طریقہ کار میں شفافیت کو بہتر بنانا۔** ہمیں ایسے تبصرے موصول ہوئے ہیں کہ نہ صرف FSF، بلکہ ہمارے بجٹ اور ہمارے بجٹ کی کاروائی ناقابل رسائی ہیں اور مشکل سے سمجھ میں آتے ہیں۔ میں نے اپنی ٹیم سے کہا ہے کہ معلومات میں اضافہ کرنے اور کئی طریقوں سے شفافیت لانے پر کام کریں۔

یہ تبدیلیاں مزید ایک طریقہ ہے جس سے ہم برادری اور خاندانوں کو اپنا حقیقی شراکت دار بنانے— اور ہمارے طلبا کی ضروریات کی ترجیحات مقرر کرنے پر کام کر رہے ہیں۔ اور میں واضح کرنا چاہتا ہوں کہ یہ مجوّزہ تبدیلیاں FSF کےکلیے کے دیگر اوزان میں کمی لانے سے نہیں آئینگی۔

میں اس منصفانہ طالب علم سرمایہ عملی گروپ کا اس اہم کوشش میں سوچ بچار اور تندہی سے کام کرنے پر انتہائی شکرگزار ہوں اور میں خصوصاً معاون چئیرز Dia Bryant اورJasmine Gripper کا نام لینا چاہتا ہوں۔

ہم جیسے ان تجاویز کو آگے بڑھائیں گے، ہم ایک ایسے اسکول نظام کو تخلیق دینے کے مزید ایک قدم قریب ہوتے جائیں گے جو تمام طلبا کو ایک روشن مستقبل کی جانب گامزن کرتا ہے— یہ یقینی بناتے ہوئے کہ ہم اپنے سرمائے کو ان طریقوں سے استعمال میں لارہے ہیں جو وہاں سب سے زیادہ اثرانداز ہوتے ہیں جہاں ہماری ضروریات سب سے زیادہ ہیں۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks
چانسلر

اگر آپ مزید PS+You ای میل پیغامات موصول نہیں کرنا چاہتے، براہِ مہربانی ن سبسکرائب کریں۔